**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**05جنوری2024ء**

# پریس ریلیز

## اسرائیل جنگ کو پھیلا کر پوری دنیا کا امن وامان تباہ کرنے پر تُلا ہوا ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور (پ ر):** اسرائیل جنگ کو پھیلا کر پوری دنیا کا امن و امان تباہ کرنے پر تُلا ہوا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ لبنان کے دارالحکومت بیروت میں اسرائیلی ڈرون حملہ میں حماس کے نائب سربراہ اور سینئر رہنما شیخ صالح العاروری سمیت حماس کی قیادت کے 7 افراد کی شہادت نے ثابت کر دیا ہے کہ ناجائز صیہونی ریاست جنگ کو پھیلانے کے تباہ کن منصوبے پر عمل پیرا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ صیہونی گریڑ اسرائیل کے قیام کی طرف عملی طور پر بڑھ رہے ہیں اور انہیں امریکہ اور یورپ کی مکمل معاونت حاصل ہے۔ اسرائیل کے اعلیٰ عہدیدار کھلم کھلا دھمکی دے رہے ہیں کہ نہ صرف غزہ بلکہ مغربی کنارے سے بھی فلسطینیوں کا صفایا کر دیا جائے گا اور جس مسلمان ملک میں بھی حماس کی قیادت و رہنما موجود ہیں ان کی ٹارگٹ کلنگ کی جائے گی۔ مسلمان ممالک کو اب فیصلہ کرنا ہو گا کہ کیا وہ گیدڑ کی طرح ذلت و رسوائی کی زندگی گزارتے رہیں گے یا بہادری سے لڑتے ہوئے اسرائیلی درندگی اور غنڈہ گردی کا دندان شکن جواب دیں گے۔ شیخ صالح العاروری نے ہزاروں فلسطینی مسلمانوں کی طرح جام شہادت نوش کر کے اُخروی کامیابی حاصل کر لی ہے اور غزہ کے غیور مسلمانوں کا خون اسرائیل کے خلاف تحریکِ مزاحمت کو نئی طاقت اور قوت بخشے گا۔ ان شاء اللہ! البتہ مسلمان ممالک کے حکمران اور مقتدر طبقات فراموش نہ کریں کہ اسرائیل پوری دنیا کا امن و امان تباہ کرنے پر تُلا ہوا ہے اور اس کا اگلا ہدف دیگر مسلمان ممالک ہی ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی افریقہ نے تو جرأت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسرائیل کے کے خلاف عالمی عدالت انصاف میں نسل کشی کا مقدمہ دائر کر دیا ہے جو کم ہمتی کا مظاہرہ کرنے والے 57 مسلمان ممالک کے منہ پر طمانچے سے کم نہیں۔ پاکستان کے حوالے سے اسرائیل کے مذموم عزائم پر تبصرہ کرتے ہوئے اُنہوں نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ 1967ء کی جنگ میں فتح کے بعد پیرس میں جشن مناتے ہوئے اسرائیل کے سابق وزیراعظم ڈیوڈ بن گوریان نے واشگاف الفاظ میں اعلان کیا تھا کہ اسرائیل کا خطرناک ترین حریف پاکستان ہے۔ پھر یہ کہ کچھ عرصہ قبل موجودہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو ایک انٹرویو میں اس خواہش کا اظہار کر چکا ہے کہ پاکستان کے ایٹمی دانت توڑ دیئے جائیں۔ لہٰذا ہمارے حکمران اور مقتدر طبقات صورتِ حال کی نزاکت کا احساس کریں۔ امریکہ چاہتا ہے کہ پاکستان اور افغانستان آپس میں گتھم گتھا ہو جائیں اور دونوں ممالک کے اشتراک سے خراساں کا وہ خطہ عملی طور پر تشکیل نہ پاسکے جس کے بارے میں احادیث نبوی میں بشارت آئی ہے کہ وہاں سے فوجیں حضرت مہدیؑ کی نصرت کے لیے جائیں گی اور ایلیاء (یروشلم) میں اسلام کا جھنڈا گاڑ کر پوری دنیا پر دین کو قائم و نافذ کریں گی۔ لہٰذا ہمیں پاکستان کو حقیقی معنوں میں 'اسلامی ایٹمی پاکستان' بنانا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ مسلمان ممالک کے حکمرانوں اور مقتدر طبقات کو صراطِ مستقیم کی طرف راہنمائی عطافرمائے۔ آمین!

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیم اسلامی

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: Friday 05 January 2024**

## "Israel is bent on spreading the war and wreak havoc on the peace and security of the entire world."

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): "Israel is bent on spreading the war and wreak havoc on the peace and security of the entire world."**

This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that the martyrdom of seven leaders of Hamas, including the Deputy Chief Sheikh Saleh al-Arouri, in an Israeli drone attack in Beirut affirms the destructive agenda of the illegitimate Zionist state to spread war. The reality is that Zionist brutality is actively escalating and it is now taking practical steps towards the creation of Greater Israel with the full and unconditional support from the United States and Europe. High-ranking officials in Israel are openly declaring that they will commit genocide not only in Gaza but also the West Bank. They are bluntly declaring that Israel will carry out targeted assassination of Hamas leaders wherever they are present in Muslim countries. Muslim nations must now decide whether they will continue to endure a useless life of humiliation or respond with determination to Israeli brutality and thuggery. Sheikh Saleh al-Arouri, like tens of thousands of Palestinian Muslims, has achieved success by embracing martyrdom, infusing new strength and vigor into the resistance movement against Israel. In Sha Allah! However, Muslim leaders and their military establishments should not forget that Israel is bent on destroying global peace, and its next target will be other Muslim nations. The Ameer said that South Africa has courageously filed a case of genocide against Israel in the International Court of Justice, which is nothing short of a slap on the face of the spineless 57 Muslim countries. Commenting on the nefarious designs of Israel viz. Pakistan the Ameer said that the former Israeli Prime Minister David Ben-Gurion had stated in explicit terms, while celebrating in Paris Israeli's victory in the 1967 war, that Pakistan is the most dangerous enemy of Israel and. Moreover, the current Israeli Prime Minister, Benjamin Netanyahu, had expressed his desire to see a denuclearized Pakistan in an interview given a few years ago. Therefore, the Ameer emphasized, our civilian and military leaderships should comprehend the gravity of the current situation. America wants Pakistan and Afghanistan to be up in arms against each other so that the region of Khorasan could be prevented from coming into fruition, about which it has been prophesized in the Ahadith of the Holy Prophet *(SAAW)*, that armies will go from Khorasan to strengthen the regime of Hazrat Mahdi *(RA)* and establish the banner of Islam in *Elia* (Jerusalem), leading to the establishment of the Deen of Islam in the entire world. The Ameer asserted that we, therefore, need to make Pakistan a true Islamic nuclear state. May Allah guide the leaderships of Muslim countries on the right path. Ameen!

**Issued by:**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat, Tanzeem e Islami Pakistan**